مزید فیہ: حَاسَبَ

اب ہم لیتے ہیں دوسرا مزید فیہ: حَاسَبَ (حَسَبَ ← حَاسَبَ)۔ فَعَلَ کے اور حَاسَبَ کے صیغے بنانے میں بہت زیادہ فرق نہیں ہے۔ بس الف مد کو ہر صیغے میں لے کر چلنا ہے۔ اس طرح کے افعال قرآن کریم میں تقریبًا **500** بار آتے ہیں۔

- ماضی کی چابی: حَاسَبَ مضارع کی چابی: یُحَاسِبُ
- امر کی چابی: حَاسِبْ۔ ماضی کی چابی کے آخری حرف سے پہلے زیر لگایئے اور آخری حرف پر سکون لگایئے۔
- اسم فاعل یا اسم مفعول: ماضی کی چابی پر مُ لگانا ہے اور آخری حرف سے پہلے زیر یا زبر: مُحَاسِب، مُحَاسَب

حَاسَبَ: اس نے حساب لیا (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

فعل ماضٍ		فعل مضارِع		فعل أمر، فعل نهى، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام	
حَاسَبَ	اس نے حساب لیا	يُحَاسِبُ	وہ حساب لیتا ہے	حَاسِبْ	حساب لے!
حَاسَبُوْا	ان سب نے حساب لیا	يُحَاسِبُوْنَ	وہ سب حساب لیتے ہیں	حَاسِبُوْا	حساب لو!
حَاسَبْتَ	آپ نے حساب لیا	تُحَاسِبُ	آپ حساب لیتے ہیں	لَا تُحَاسِبْ	مت حساب لے!
حَاسَبْتُ	میں نے حساب لیا	أُحَاسِبُ	میں حساب لیتا ہوں	لَا تُحَاسِبُوْا	مت حساب لو!
حَاسَبْتُمْ	آپ سب نے حساب لیا	تُحَاسِبُوْنَ	آپ سب حساب لیتے ہیں	مُحَاسِب	حساب لینے والا
حَاسَبْنَا	ہم سب نے حساب لیا	نُحَاسِبُ	ہم سب حساب لیتے ہیں	مُحَاسَب	جس کا حساب لیا گیا
حَاسَبَتْ	اس عورت نے حساب لیا	تُحَاسِبُ	وہ عورت حساب لیتی ہے	مُحَاسَبَة	حساب لینا

۞۞۞۞ عربی بول چال ۞۞۞۞

هَلْ يُحَاسِبُ نَفْسَهُ؟ — نَعَمْ، يُحَاسِبُ نَفْسَهُ.

هَلْ يُحَاسِبُوْنَ أَنْفُسَهُمْ؟ — نَعَمْ، يُحَاسِبُوْنَ أَنْفُسَهُمْ.

هَلْ تُحَاسِبُ نَفْسَكَ؟ — نَعَمْ، أُحَاسِبُ نَفْسِيْ.

هَلْ تُحَاسِبُوْنَ أَنْفُسَكُمْ؟ — نَعَمْ، نُحَاسِبُ أَنْفُسَنَا.

کلاس کے بعد آپس میں سوالات و جوابات کیجیے:

- فعل ماضٍ: هَلْ حَاسَبْتُمْ أَنْفُسَكُمْ؟ نَعَمْ، حَاسَبْنَا أَنْفُسَنَا.
- فعل امر: حَاسِبْ! أُحَاسِبُ.
- اسم فاعل/اسم مفعول: هَلْ أَنْتُمْ مُحَاسِبُوْنَ؟ نَعَمْ، نَحْنُ مُحَاسِبُوْنَ.

حَاسَبَ ہی کی طرح هَاجَرَ (اس نے ہجرت کی) کا پورا ٹیبل بنایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔